اسلام آباد (آئی این پی) وفاقی وزیرداخلہ محسن نقوی نے عوام کی سہولت کیلئے بڑے فیصلے کرتے ہوئے کہا ہے کہ نادرا سنٹرز کے دورے کئے، حالات کا جائزہ لیا، عوام کو مشکلات کا سامنا ہے، پاکستان بھر میں یونین کونسل کی سطح پر شناختی کارڈ بنانے اور تجدید کی سہولت دی جائے گی، پاکستان بھر میں یونین کونسل کی سطح پر بائیو میٹرک مشینیں لگائی جائیں گی، جعلی شناختی کارڈ مافیا کے خاتمے کے لئے موثر ایکشن لیا جائے ۔ جمعہ کو وفاقی وزیرداخلہ محسن نقوی نے نادرا ہیڈکوارٹر اور نادرا آپریشنل روم کا دورہ کیا۔ وفاقی وزیرداخلہ محسن نقوی نے 6 بڑے شہروں میں نادرا سینٹرز میں اضافے کا 7 روز میں پلان طلب کرلیا، کراچی، لاہور،

بقیہ نمبر25 صفحہ 5 پر

پشاور، کوئٹہ، اسلام آباد، راولپنڈی میں مزید سنٹرز بنانے کے حوالے سے فوری اقدامات کی ہدایت کرتے ہوئے وفاقی وزیرداخلہ محسن نقوی نے جعلی شناختی کارڈ مافیا کے خاتمے کے لئے موثر ایکشن کا حکم دیدیا۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: ________

Bullet No. ________ Dated: ________ Page No. ________

MASHRIQ QUETTA


## پولیس اہلکاروں کے دوران ڈیوٹی ٹک ٹاک کے استعمال پر پابندی

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) ڈپٹی انسپکٹر جنرل آف پولیس کوئٹہ اعتزاز احمد گورایا نے افسران اور اہلکاروں پر دوران ڈیوٹی ٹک ٹاک کے استعمال پر پابندی عائد کردی بعض افسران اور اہلکاروں کی جانب سے یہ طرز عمل سوشل میڈیا پر محکمہ پولیس کی نرم شبیہ اور وقار کو مجروح کرتا ہے، عدم تعمیل کی صورت میں سخت کارروائی کی جائیگی۔ جنگ سے گفتگو میں ان کا کہنا تھا کہ پولیس افسران اور اہلکار وردی میں ویڈیوز بنا کر ٹک ٹاک پر اپ لوڈ کریں گے نہ ہی ٹرانسفر پوسٹنگ سے متعلق پولیس کے نوٹیفکیشن، ایف آئی آر، ملزمان کی تصاویر سوشل میڈیا پر شیئر کریں گے خلاف ورزی کرنے والے افسران اور اہلکاروں کو معطل کر کے سخت محکمانہ کارروائی کی جائیگی۔

## لاپتہ افراد کمیشن، 13 سال میں 998 درخواستیں موصول، 441 افراد بازیاب

### 206 کیسز جبری گمشدگی کے زمرے میں نہ آنے پر نکالنے کے احکامات، 351 کیسز زیر سماعت، رپورٹ

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان حکومت نے صوبے میں لاپتہ افراد کی بازیابی کے حوالے سے رپورٹ جاری کردی، لاپتہ افراد بازیابی کمیشن کو 2011 سے اب تک 998 درخواستیں موصول ہوئیں جن میں سے 441 افراد بازیاب ہوچکے ہیں جبکہ لاپتہ افراد بازیابی کمیشن کے پاس اب بھی 351 کیسز زیر سماعت ہیں۔ محکمہ داخلہ کے حکام کے مطابق سول سیکرٹریٹ میں لاپتہ افراد بازیابی کمیشن کی روزانہ کی بنیاد پر سماعت جاری ہے، جسٹس ریٹائرڈ امان اللہ یٰسین زئی لاپتہ افراد کے کیسز کی سماعت کررہے ہیں، محکمہ داخلہ بلوچستان کی رپورٹ کے مطابق 2011 سے اب تک لاپتہ افراد بازیابی کمیشن کو 998 درخواستیں موصول ہوئیں، تحققات کے مطابق 441 افراد بازیاب ہوچکے ہیں، کمیشن نے لاپتہ افراد کے 206 کیسز جبری گمشدگی کے زمرے میں نہ آنے کے باعث لسٹ سے نکالنے کے احکامات دیئے، رپورٹ کے مطابق لاپتہ افراد بازیابی کمیشن کے پاس اب بھی 351 کیسز زیر سماعت ہیں، رپورٹ میں یہ بھی بتایا گیا ہے کہ دو سال قبل 5006 ناموں پر مشتمل لاپتہ افراد کی ایک لسٹ قومی اسمبلی اور سینیٹ میں پیش کی گئی، جسے ایک کمیٹی نے سپریم کورٹ میں پیش کیا سپریم کورٹ نے گمشدہ افراد کی اس لسٹ کو لاپتہ افراد بازیابی کمیشن حوالے کیا، کمیشن نے صوبائی حکومت کی معاونت سے 1644 افراد کے گھروں میں موجودگی کی تصدیق کی تاہم ابھی تک 3362 کیسز کی تصدیق نہیں ہوپائی کیونکہ ان کیسز میں نہ تو گمشدہ فرد کا کوئی پتہ ہے نہ ولدیت اور نہ ہی شناختی کارڈ نمبر دیا گیا، صرف نام دیا گیا ہے۔

## چیف سیکرٹری، آئی جی پولیس، سیکرٹریز ایوان میں نہیں آئے، اسپیکر بلوچستان

### کسی محکمے کا وزیر اور سیکرٹری ایوان میں موجود ہو اگر وزیر حاضر نہیں تو سیکرٹری کو آنا چاہئے

### اس حوالے سے وزیر اعلیٰ بلوچستان نوٹس لے اور سیکرٹریز کو اجلاس میں آنے کا پابند

کوئٹہ (آن لائن) اسپیکر بلوچستان کیپٹن (ر) عبدالخالق اچکزئی نے کہا ہے کہ میری رولنگ کے باوجود چیف سیکرٹری بلوچستان، آئی جی پولیس سمیت دیگر محکموں کے سیکرٹریز ایوان میں نہیں آتے اس حوالے سے تمام کو آگاہ کرنے کے علاوہ لیٹر بھی لکھے گئے ہیں کہ جس محکمے کے حوالے سے سوالات یا بات چیت ہو ایوان میں اس محکمے کا وزیر اور سیکرٹری ایوان ......... بقیہ 18 صفحہ نمبر 7 پر

میں موجود ہو اگر وزیر حاضر نہیں تو سیکرٹری کو آنا چاہئے اس حوالے سے وزیر اعلیٰ بلوچستان نوٹس لے اور سیکرٹریز کو اجلاس میں آنے کا پابند بنائیں۔

## بلوچستان کی جیلوں پر کیسکو کے واجبات 14 کروڑ سے تجاوز

### مچھ جیل کالونی کی بجلی کاٹ دی گئی، جیل خانہ جات نے صوبائی حکومت سے فنڈز مانگ لئے

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان کی جیلوں پر کیسکو کے واجبات چودہ کروڑ روپے سے تجاوز کر گئے، کیسکو نے محکمہ جیل خانہ جات کو نوٹسز جاری کردیئے، مچھ میں جیل کالونی کی بجلی کاٹ دی گئی، محکمہ جیل خانہ جات نے واجبات کی ادائیگی کیلئے صوبائی حکومت سے فنڈز مانگ لئے۔ کیسکو حکام کے مطابق بلوچستان کے محکمہ جیل خانہ پر کیسکو کے واجبات ......... بقیہ 53 صفحہ نمبر 7 پر

چودہ کروڑ 39 لاکھ روپے ہوگئے ہیں، جن میں کوئٹہ میں آئی جی جیل کے دفاتر اور کوئٹہ جیل کے کنکشنز کے ذمہ رقم دو کروڑ 34 لاکھ روپے ہے، مچ جیل پر کیسکو کے واجبات ڈھائی کروڑ، تمپ جوڈیشنل لاک پر دو کروڑ 31 لاکھ جبکہ گوادر جوڈیشنل لاک پر واجبات ایک کروڑ 19 لاکھ ہیں، اسی طرح جھل مگسی جوڈیشنل لاک اپ پر 57 لاکھ، ڈیرہ اللہ یار جیل پر 53 لاکھ، نوشکی جیل پر 30 لاکھ، خضدار جیل پر دس لاکھ، لورالائی جیل پر چھ لاکھ اور پشین جوڈیشنل لاکھ پر تین لاکھ کے واجبات ہیں جیل حکام کے مطابق بولان میں واقع مچ جیل کی کالونی کی بجلی واجبات کی عدم ادائیگی پر کیسکو کے عملے نے کاٹ دی تھی

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: INTEKHAB QUETTA

Bullet No.

Dated: 18 MAY 2024

Page No.


# حب اور لسبیلہ کیلئے 1200 ارب روپے کی تجویز

**صدر زرداری نے لیڈا سے تجاویز طلب کرلیں**

## صدر کے اقدامات اور علی حسن زہری کی تجویز سے خطے میں صنعتی ترقی کو دوام ملے گا، روزگار کے نئے مواقع پیدا ہونگے، ایم ڈی لیڈا فرید حسنی

**روڈ نیٹ ورک، سیوریج، ماربل سٹی کے 600 ایکڑ میں سے ادھورے پڑے 300 ایکڑ اراضی کو بروئے کار لایا جائیگا، انتخاب سے گفتگو**

حب (نمائندہ انتخاب) ضلع حب اور لسبیلہ میں صنعتی ترقی کیلئے صدر مملکت آصف علی زرداری نے مشیر بلوچستان صنعت وحرفت میر علی حسن زہری کی تجویز پر 12 ارب روپے کے مختلف منصوبے وفاقی سالانہ ترقیاتی بجٹ میں شامل کرانے کیلئے لیڈا مینجمنٹ سے تجاویزات طلب کرلیں حب انڈسٹریل ایریا میں گیس کی لوڈ شیڈنگ ختم کرنے کیلئے سوئی سدرن گیس کمپنی نے کام کا آغاز کردیا ہے سوئی گیس کی پائپ لائنوں کو اپ گریڈ کرنے کیلئے SSGC کی ٹیکنیکل ٹیم پیر کے روز سے کام شروع کرے گی لیڈا کے ہائیٹ ایریا میں 1200 ایکڑ پر بش کٹنگ اور خوبصورتی کیلئے 10 کروڑ روپے کا منصوبہ وزیر اعلیٰ

بقیہ نمبر 11 صفحہ 5 پر

بلوچستان کو بھجوادیا گیا ہے لیڈا کو نیپرا سے اپنا پاور جنریشن پلانٹ لگانے کی اجازت ملنے کی صورت میں لیڈا کو ماہوار ایک ارب 80 کروڑ روپے کی بچت ممکن ہوسکتی ہے یہ بات مینجنگ ڈائریکٹر لیڈا فرید احمد محمد حسنی نے "انتخاب" سے خصوصی گفتگو کرتے ہوئے بتائی انھوں نے کہا کہ حب اور ضلع لسبیلہ کے صنعتی ایریاز کی ترقی و بحالی کیلئے وزیر اعلیٰ کے مشیر برائے انڈسٹریز میر علی حسن زہری کی کاوشوں سے صدر مملکت آصف علی زرداری خصوصی دلچسپی لے رہے ہیں جو کہ ایک خوش آئند بات ہے ان اقدامات سے خطے میں صنعتی ترقی کو دوام ملے گا نئی صنعتیں لگیں گی اور روزگار کے مزید مواقع پیدا ہونگے گڈانی میں 5000 ایکڑ اراضی کی تجویز بھی صوبائی حکومت اور SMBR کو بھجوائی گئی ہے جس پر ہیوی انڈسٹریز کیلئے راہ ہموار ہوگی ایم ڈی لیڈا فرید احمد محمد حسنی نے بتایا کہ حب وندر ماربل سٹی اوتھل اور زیرو پوائنٹ انڈسٹری زونز کی ترقی اور بحالی کیلئے صوبائی مشیر برائے انڈسٹریز میر علی حسن زہری کے احکامات کی روشنی اور صدر مملکت آصف علی زرداری کی خصوصی دلچسپی پر 1200 ارب روپے کے مختلف منصوبے وفاقی اور صوبائی محکمہ پلاننگ اینڈ کمیشن کو ارسال کیے گئے ہیں انھوں نے بتایا کہ ان منصوبوں میں ہائیٹ کے روڈ نیٹ ورک سیوریج ماربل سٹی کے 600 ایکڑ میں سے ادھورے پڑے ہوئے 300 ایکڑ اراضی کو بروئے کار لانے کیلئے 3 سے پونے 4 ارب روپے کی ضرورت کے حوالے سے صوبائی محکمہ P&D کو PC1 بنا کر ارسال کیا گیا ہے وندر انڈسٹریل ایریا کی بحالی کیلئے ڈیڑھ ارب روپے کا منصوبہ اوتھل زیرو پوائنٹ انڈسٹریل زون کے 1000 ایکڑ اراضی کی ڈیولپمنٹ کیلئے 2 سے 3 ارب روپے کی تجویز شامل ہے جس سے زیرو پوائنٹ اوتھل انڈسٹریل زون کی ڈیولپمنٹ پانی بجلی اور دیگر ترقیاتی منصوبے شروع کیے جائیں گے میر فرید احمد محمد حسنی نے حب انڈسٹریل ایریا میں گیس کی لوڈ شیڈنگ کے حوالے بتایا کہ گیس لوڈ شیڈنگ کی وجہ سے فیکٹریوں میں پیداواری عمل متاثر ہورہا تھا اس حوالے سے گزشتہ دنوں SSGC کے ایک اعلیٰ سطحی وفد نے لیڈا کا وزٹ کرکے معاملات کا جائزہ لیا جبکہ پیر کے دن سے SSGC کی ٹیکنیکل ٹیم باقاعدہ کام شروع کردے گی جبکہ حب انڈسٹریل ایریا کی خوبصورتی اور خورد جنگلی جھاڑیوں کی کٹائی کیلئے ہائیٹ کے 1200 ایکڑ کیلئے 10 کروڑ روپے مزید دیے جائیں گے حب انڈسٹریل ایریا میں قائم فیکٹریوں اور مزید فیز نو اور دیگر آنے والی صنعتوں میں بجلی کی کھپت کو پورا کرنے کیلئے لیڈا نے اپنا پاور جنریشن پلانٹ لگانے کی تجویز دی تھی جس پر K الیکٹرک نے ٹریبونل میں چیلنج کرتے ہوئے حکم امتناعی لے رکھا ہے۔

انھوں نے بتایا کہ لیڈا نے اپنی پاور جنریشن کیلئے 2019ء میں نیپرا سے لائسنس حاصل کیا تھا اور ٹریبونل میں مذکورہ معاملے کا کیس چل رہا ہے اس سے حوالے سے بھی لیڈا نے میر علی حسن زہری کی توسط سے صدر مملکت آصف علی زرداری سے گزارش کی ہے کہ وہ K الیکٹرک انتظامیہ سے بات کریں تاکہ K الیکٹرک اپنا کیس ٹریبونل سے واپس لے اور لیڈا کو اپنا پاور جنریشن لگانے کی اجازت دی جائے اور لائسنس بحال ہوسکے تاکہ لیڈا سیلف پاور جنریشن کرکے حب انڈسٹریل کی فیکٹریوں کو بجلی کی ضرورت کو پورا کرسکے انھوں نے بتایا کہ اسوقت لیڈا ماہانہ K الیکٹرک کو بجلی کے بل کی مد میں 80 کروڑ روپے سے ایک ارب روپے تک ادائیگی کررہا ہے اگر لیڈا کو سیلف پاور جنریشن کی اجازت مل جاتی ہے تو لیڈا کو ریونیو کی مد میں کافی بچت ہوگی انھوں نے بتایا کہ لیڈا نے 50 سے 100 میگاواٹ کے سیلف پاور جنریشن بجلی کی پیداوار کیلئے سولر انرجی کے تحت بجلی پیدا کرنے کا منصوبہ بنایا ہے اور اس حوالے سے تشہیر بھی کی گئی ہے انھوں نے بتایا کہ اسوقت لیڈا K الیکٹرک سے 36 میگاواٹ بجلی بلک میں خرید رہا ہے جبکہ لیڈا کے پاس صنعتکاروں کی طرف سے 60 میگاواٹ بجلی کی مزید کھپت کی درخواستیں پڑی ہوئی ہیں جسکے مطابق لیڈا کو 100 میگاواٹ بجلی کی ضرورت ہے انھوں نے مزید بتایا کہ گڈانی میں ہیوی انڈسٹریز لگانے کیلئے راہ ہموار کرنے کیلئے محکمہ جنگلات کی 5000 ایکڑ اراضی لیڈا کے نام الاٹ کرنے کی سمری وزیر اعلیٰ سیکرٹریٹ اور SMBR کو ارسال کی ہے انھوں نے بتایا کہ حب اسپیشل اکنامک زون کے واٹر سپلائی اور سیوریج کا کام مکمل کیا جاچکا ہے جبکہ روڈ نیٹ کام کام چل رہا ہے انھوں نے بتایا کہ 406 ایکڑ پر محیط حب اسپیشل اکنامک زون میں توسیع کیلئے لیڈا نے مزید 5000 ایکڑ گڈانی میں زمین مانگی ہے تاکہ اس میں توسیع کی جائے تاکہ زیادہ سے زیادہ صنعتی ماحول کو فروغ دیا جاسکے کیونکہ انڈسٹریز آئے گی تو علاقے میں معاشی سرگرمیوں کو دوام ملے گا اور روزگار کے لئے مواقع پیدا ہونگے اور علاقے میں خوشحالی آئے گی انھوں نے بتایا کہ فیکٹریوں کو پانی کی ضروریات پوری کرنے کیلئے مزید ذخیرہ آب کے تالاب بنائے گئے ہیں اور مزید ضرورت پڑنے پر اس پر کام ہوگا۔

# بلوچستان لیویز فورس کے ملازمین نوکری سے فارغ

**ملازمین کو ڈیوٹی میں غفلت وسفارش کرانے پر فارغ کیا گیا، ڈی جی لیویز**

کوئٹہ (یو این اے) ڈی جی لیویز نصیب اللہ کاکڑ کا فوری ایکشن بلوچستان لیویز فورس کے دس ملازمین کو ڈیوٹی میں غفلت وسفارشات کی وجہ سے ملازمت سے فارغ کردیا گیا ہے ڈی جی بلوچستان لیویز فورس نصیب اللہ کاکڑ نے کہا ہے کہ جو بھی ملازمین کو ڈیوٹی سے جان چھڑانے، ڈیوٹی میں غفلت پر کسی صورت برداشت نہیں کیا جائے گا اور اگر ملازمین نے ڈیوٹی سے انکار یا کسی کی سفارش یا دباؤ ڈالنے کی کوشش کی اس کو ڈیوٹی سے برخاست کیا جائے گا وزیر اعلیٰ بلوچستان اور وزیر داخلہ بلوچستان کی جانب سے سخت احکامات ہے کہ کسی بھی ملازم کو ڈیوٹی جائے وقوعہ پر غیر حاضر ہونے کی صورت میں ملازمت سے فارغ

بقیہ نمبر 26 صفحہ 5 پر

کرنے کا حکم دیا گیا ہے اس کے علاوہ ڈی جی لیویز نصیب اللہ کاکڑ نے تمام اضلاع کے ڈپٹی کمشنرز کو بھی ہدایت دی گئی ہے کہ ملازمین کی ڈیوٹی میں غفلت وغیر حاضری پر کسی قسم کا سمجھوتہ نہیں ہوگا اور جو بھی ملازم اپنے جائے تعیناتی پر موجود نہیں ہوگا اس کے خلاف سخت سے سخت کارروائی کی جائے گی۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No.

Dated: 18 MAY 2024 Page No.


## سالار میڈیکل کالج کے قیام کی قرارداد منظور

# کوالٹی ایجوکیشن پر توجہ دینی چاہئے، بلوچستان اسمبلی

### قرارداد پیش کرنے سے پہلے اس سے متعلق ماہرین کی رائے لی جائے، تعلیمی اداروں کا قیام ٹھوس بنیادوں پر ہونا چاہئے، ارکان اسمبلی

### کورم پورا نہ ہونے کے باعث ایل پی جی پلانٹ، فور جی انٹرنیٹ سروس اور محکمہ صحت کے بجٹ سے متعلق قراردادیں پیش نہ ہوسکیں

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) بلوچستان اسمبلی نے شہید سالار میڈیکل کالج بمقام خاران کے قیام سے متعلق قرارداد منظور کرلی، بلوچستان نیشنل پارٹی (عوامی) کے میر اسداللہ بلوچ کی قدرتی گیس کی سہولت سے محروم اضلاع میں ایل پی جی پلانٹ لگانے، جمعیت علماء اسلام کے رکن میر زابد علی ریکی کی بسیمہ تا خاران روڈ کو نیشنل ہائی وے اتھارٹی میں شامل کرکے تعمیر کرنے نیشنل پارٹی کے رکن میر رحمت صالح بلوچ کی ضلع پنجگور میں 4 جی انٹرنیٹ کی سہولت فوری طور پر بحال کرنے اور نیشنل پارٹی کے ارکان رحمت صالح بلوچ و خیر جان بلوچ کی محکمہ صحت کا سالانہ بجٹ این ایف سی ایوارڈ کے مطابق ترتیب دینے سے متعلق قراردادیں کورم ٹوٹ جانے کے باعث پیش نہ کی جاسکیں۔ بلوچستان اسمبلی کا اجلاس جمعہ کو 20 منٹ کی تاخیر سے اسپیکر کیپٹن (ر) عبدالخالق اچکزئی کی صدارت میں شروع ہوا۔ اجلاس میں صوبائی وزیر خزانہ میر شعیب نوشیروانی نے محمد صادق سنجرانی، زابد ریکی اور غلام دستگیر بادینی کی مشترکہ قرارداد ایوان میں پیش کرتے ہوئے کہا کہ رخشان ڈویژن جو چاغی، واشک، خاران اور نوشکی کے اضلاع پر مشتمل ہے جہاں میڈیکل کالج کی سہولت میسر نہ ہونے کے بنا پر علاقے کے غریب طلباء و طالبات کو میڈیکل کی تعلیم کے حصول کیلئے کوئٹہ اور ملک کے دیگر صوبوں میں جانا پڑتا ہے، وسائل کی عدم دستیابی کی بناء پر انہیں سخت مشکلات درپیش ہیں، لہٰذا رخشان ڈویژن کے طلباء کی مشکلات کو مدنظر رکھتے ہوئے یہ ایوان صوبائی حکومت سے مطالبہ کرتا ہے کہ وہ شہید سالار میڈیکل کالج بمقام خاران کے نام سے میڈیکل کالج کے قیام کی بابت فوری طور پر ضروری اقدامات اٹھانے کو یقینی بنائے تاکہ علاقے کے طلباء و طالبات میں پائی جانیوالی بے چینی اور احساس محرومی کا خاتمہ ممکن ہوسکے۔ قرارداد کی موزونیت پر اظہار خیال کرتے ہوئے صوبائی وزیر خزانہ میر شعیب نوشیروانی نے کہا کہ رخشان کی آبادی دس لاکھ سے زائد ہے اور اس میں مزید اضافہ ہورہا ہے وہاں طالبات کو میٹرک اور انٹر کے بعد اپنا تعلیمی سلسلہ جاری رکھنے میں مشکلات پیش آرہی ہیں۔ انہوں نے ایوان سے استدعا کی کہ قرارداد منظور کرکے اس پر عملدرآمد کو یقینی بنایا جائے۔ قائد حزب اختلاف میر یونس عزیز زہری نے قرارداد کی حمایت کرتے ہوئے کہا کہ امید ہے موجودہ حکومت کے دور میں میڈیکل کالج مکمل ہوگا۔ صوبائی وزیر ریونیو میر عاصم کرد گیلو نے قرارداد کی حمایت کرتے ہوئے کہا کہ نصیر آباد ڈویژن چھ اضلاع پر مشتمل ہے وہاں بھی میڈیکل کالج کے قیام کے مطالبے کو قرارداد میں شامل کیا جائے، انہوں نے کہا کہ وہاں نہ تو انجینئرنگ کالج اور نہ دیگر تعلیمی ادارے ہیں، انہوں نے کہا کہ جھل مگسی میں کیڈٹ کالج سمیت اعلیٰ تعلیمی ادارے بنائے جائیں۔ صوبائی وزیر زراعت حاجی علی مدد جتک نے قرارداد کی حمایت کرتے ہوئے کہا کہ رخشان بلوچستان کا سب سے بڑا ڈویژن ہے، ہماری کوشش ہوگی کہ بلوچستان کے ہر ڈویژن میں ایک میڈیکل کالج بنایا جائے۔ صوبائی وزیر خوراک نور محمد دمڑ نے قرارداد کی حمایت کرتے ہوئے کہا کہ بلوچستان کا ہر ضلع تعلیمی پسماندگی کا شکار ہے اس تعلیمی پسماندگی کے خاتمے کے لئے پارلیمانی ارکان کا اجلاس طلب کرکے اس پر غور کیا جائے کہ بلوچستان کے کن علاقوں میں میڈیکل کالج اور یونیورسٹیوں کے قیام کی ضرورت ہے اور بجٹ میں ہر ضلع میں تعلیمی پسماندگی دور کرنے کے لئے تعلیمی اداروں کے قیام کے منصوبے شامل کئے جائیں۔ ڈپٹی اسپیکر بلوچستان اسمبلی غزالہ گولہ نے قرارداد کی حمایت کرتے ہوئے کہا کہ قرارداد میں نصیر آباد ڈویژن کو بھی شامل کیا جائے تاکہ غریب اور دور دراز علاقے کے طلباء کے لئے آسانیاں پیدا ہوں۔ عوامی نیشنل پارٹی کے رکن بلوچستان اسمبلی انجینئر زمرک خان اچکزئی نے قرارداد کی حمایت کرتے ہوئے کہا کہ صوبے میں نئے تعلیمی ادارے بننے چاہئیں اور جو پہلے سے بنے ہوئے ہیں ان اداروں پر توجہ دی جائے اور دیکھا جائے جو میڈیکل کالج جس ضلع میں موجود ہے آیا وہاں تمام سہولیات میسر ہیں یا نہیں، بغیر معیار اور منصوبے کے اسمبلی میں قرارداد پیش کرنے کی کوئی اہمیت نہیں۔ انہوں نے کہا کہ حکومت کو صوبے میں کوالٹی ایجوکیشن پر توجہ دینی چاہئے اور جو قرارداد پیش کی جاتی ہے پہلے اس سے متعلق ماہرین سے رائے لی جائے۔ انہوں نے کہا کہ گزشتہ حکومت میں بننے والے میڈیکل کالجز کی رجسٹریشن نہیں ہوئی جس پر سابق وزیر اعلیٰ بلوچستان ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ نے وضاحت کرتے ہوئے کہا کہ تینوں میڈیکل کالجز کی رجسٹریشن ہوچکی ہے۔ صوبائی وزیر پی اینڈ ڈی میر ظہور بلیدی نے کہا کہ نئے تعلیمی ادارے بنانے سے وسائل کم نہیں ہوں گے۔ وسائل پیدا کرنا حکومت کا کام ہے۔ ہمیں کسی نے وسائل میں اضافے سے نہیں روکا۔ انہوں نے کہا کہ تعلیمی اداروں کی بنیاد اگر ٹھوس رکھی جائے تو اسکا فائدہ مستقبل میں ملے گا موجودہ تعلیمی نظام میں بہت کی خامیاں ہیں حکومت کوالٹی ایجوکیشن پر توجہ دے رہی ہے صوبے میں میڈیکل کالج اور یونیورسٹیوں کی آج ہم بنیاد رکھیں گے تو اس سے آئندہ نسلیں مستفید ہونگی۔ رکن اسمبلی زمرک اچکزئی نے کہا کہ میں نے کالج کی مخالفت نہیں کی قرارداد میں ترمیم کرکے قلعہ عبداللہ اور چمن میں بھی میڈیکل کالجز بنائے جائیں۔ صوبائی وزیر داخلہ میر ضیاء اللہ لانگو نے قرارداد کی حمایت کرتے ہوئے کہا کہ صوبے کے جس ڈویژن میں میڈیکل کالج اور یونیورسٹیوں کی ضرورت ہے اس قرارداد میں ترمیم کرکے ان کے نام بھی شامل کیے جائیں۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No.

Dated: 18 MAY 2024 Page No.

# خاموش نہیں بیٹھیں گے دھاندلی کیخلاف بھرپور قوت کا مظاہرہ کرینگے، مولانا عبدالواسع

جمعیت علماء اسلام بھرپور قوت کے ساتھ ملک بھر عوامی قوت سے عوامی اسمبلی اجتماعات کا انعقاد کریں گے صوبائی امیر

اجلاس میں مولانا محمد صدیق مینگل شہید کی شہادت کی مذمت، شہید کے قاتلوں کی گرفتاری کا مطالبہ

کوئٹہ (این این آئی) جمعیت علماء اسلام بلوچستان کے صوبائی مجلس عاملہ اور پارلیمانی گروپ کا مشترکہ دو روزہ اجلاس دوسرے روز صوبائی امیر جمعیت علماء اسلام بلوچستان مولانا عبدالواسع کی صدارت میں جاری رہا۔ اجلاس میں مجلس عاملہ اور پارلیمانی گروپ کے اراکین شریک ہوئے۔ اجلاس میں ملکی صورتحال پر تفصیلی غور کیا گیا اور پارلیمانی اراکین نے صوبائی حکومت کے معاملات اجلاس ...... بقیہ 74 صفحہ نمبر 7 پر

میں فیصلے کئے، اجلاس میں مجلس عاملہ اور پارلیمانی اراکین نے تمام معاملات آنے والے بجٹ کے حوالے سے تفصیلی غور کیا اور آنے والے بجٹ کے حوالے سے تجاویز پیش کیں۔ اجلاس میں مولانا محمد صدیق مینگل شہید کی المناک شہادت پر گہرے دکھ کا اظہار کیا گیا۔ اجلاس میں مولانا محمد صدیق مینگل شہید کے قاتلوں کی عدم گرفتاری پر افسوس کا اظہار کیا اور حکومت اور اس کے اداروں کو ذمہ دار ٹھہراتے ہوئے مطالبہ کیا گیا کہ قاتلوں کو جلد از جلد گرفتار کر کے قرار واقعی سزا دی جائے۔ اجلاس میں ضلع چاغی، ضلع ژوب اور ضلع [illegible] کے معاملات پر طویل مشاورت کے بعد متعدد فیصلے کئے گئے۔ اجلاس میں مولانا محمد صدیق مینگل شہید، عبدالحق مینگل کی ہمشیرہ اور ضلع ژوب کے امیر مولوی مرحوم کے والد و دیگر کے لئے دعا مغفرت کی گئی۔

# چمن پرلت شرکاء کیخلاف ایف آئی آر انتقامی کارروائیوں کا حصہ ہے، پشتونخوا نیپ

پارٹی پرلت کے احتجاجی متاثرین کیخلاف منفی اقدام کی مخالفت کرتے ہوئے بھرپور آواز بلند کریگی

حکومت حقائق کا ادراک کرتے ہوئے پرلت متاثرین کے مطالبات فوری تسلیم اور شرکاء کے خلاف درج مقدمہ واپس لیا جائے پریس ریلیز

کوئٹہ (پ ر) پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی کے صوبائی پریس ریلیز میں چمن پرلت کے احتجاجی متاثرین کی مطالبات تسلیم کرنے کا مطالبہ کرتے ہوئے حکومت کی مذاکراتی کمیٹی کی جانب سے دھمکی آمیز رویہ اور منفی طرز عمل کی مذمت کرتے ہوئے افسوس کا اظہار کیا ہے اور کہا ہے کہ چمن پرلت کے سوشل میڈیا ورکرز کے خلاف ایف آئی آر کا اندراج در حقیقت انتقامی کارروائی اور غریب عوام کے برحق آواز کو .......... بقیہ 68 صفحہ نمبر 7 پر

دبانے کی ناکام کوشش ہے۔ سوشل میڈیا ورکرز کے خلاف بلا جواز اور غیر قانونی ایف آئی آر فوری طور پر واپس لیا جائے اور پرلت کے احتجاجی متاثرین کے خلاف انتقامی کارروائی سمیت ہر قسم کے منفی اقدام کی مخالفت کرتے ہوئے پرلت متاثرین کی حق میں پارٹی بھرپور آواز بلند کریگی۔ بیان میں وفاقی اور صوبائی حکومت سے پرزور مطالبہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ وہ حقائق کا ادراک کرتے ہوئے برسرزمین حقیقت کو تسلیم کریں اور پرلت متاثرین مطالبات فوری طور پر مان کر ان پر عملدرآمد یقینی بنائیں

# سیاست میں اچھے برے حالات سے اپنوں اور بیگانوں کی پہچان ہوتی ہے، صالح بھوتانی

آزمائشوں کا پہلے بھی جوانمردی کے ساتھ سامنا کیا کبھی اپنے چاہنے والوں کو سہانے سپنے نہیں دکھائے، سابق نگران وزیراعلیٰ

مصلحت کے نام پر قدیمی رہائشی قبائل کی جدی پشتی اراضیات کو کسی کو ہڑپ ہونے نہیں دیں گے رکن بلوچستان اسمبلی

وندر (یو این اے) سابق نگراں وزیراعلیٰ بلوچستان ایم پی اے بلوچستان اسمبلی سردار محمد صالح بھوتانی نے عوامی رابطہ آفس وندر میں بھوتانی کارواں کے سینئر رہنماؤں و کارکنان اور بھوتانی برادران کے چاہنے والے حمایتیوں سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ سیاست میں اچھے برے حالات سامنے آتے رہتے ہیں وقتی طور پر مشکلات پیش آتی ہیں جو اپنوں اور پرایوں کی پہچان کراتے ہیں ایسی آزمائشوں.......... بقیہ 65 صفحہ نمبر 7 پر

سے پہلے بھی جواں مردی کے ساتھ مردانہ وار سامنا کرتے رہے ہیں سیاست میں ایسے بھی دیکھے ہیں کہ لوگ ہاتھ ملانے سے بھی کتراتے تھے کبھی بھی اپنے چاہنے والوں کو سہانے سپنے نہیں دکھائے جتنا کر سکتے تھے اتنا ہی وعدہ کرتے تھے جو مشکلات میں ساتھ رہتے ہیں ان کا ساتھ ان شاء اللہ نہیں چھوڑیں گے عوام کے خاطر ہر مشکل کا سامنا کریں گے عوام کے حقوق کے لیے آواز بلند کرتے رہے ہیں اور ان شاء اللہ آگے بھی کرتے رہیں گے

# 7 دن تک پرامن اور منظم طریقے سے دھرنا دیا، ملک نصیر شاہوانی

سولر پینلز لانے والوں سے بھتہ لینے کی مذمت کرتے ہیں، عبدالرحمن بازئی

کوئٹہ (یو این اے) زمیندار ایکشن کمیٹی کے چیئرمین ملک نصیر احمد شاہوانی، جنرل سیکرٹری حاجی عبدالرحمن بازئی، سید عبدالقہار آغا، بسم اللہ خان کاکڑ، حاجی عبدالجبار کاکڑ، حاجی شیر علی مشوانی، کاظم خان اچکزئی، حاجی عزیز سرپرہ، عبداللہ جان میرزئی، حاجی مہمند خان ترین، حاجی نور احمد بلوچ، سید صدیق اللہ آغا، حاجی محمد افضل بدوزئی، حاجی روز الدین کاکڑ، حاجی محمد یعقوب شاہوانی، خالق داد ملکیار، ڈاکٹر مبارک علی بادینی، بجری پار الدین، ملک منظور نوشیروانی....... بقیہ 40 صفحہ نمبر 7 پر

، ملک عبدالمجید مشوانی، عبدالغفار کاکڑ، حاجی قدیر کرد، میر حق نواز لانگو، میر محمد اعظم ماندائی، حاجی حبیب اللہ پانیزئی، میر محمد کرد ایڈووکیٹ خضدار، محمد یعقوب رئیسانی سوراب، ملک محمد حسین کاکڑ، ملک رمضان مہترزئی، محمد حیات کنڈ کوچ، عبدالوہاب مینگل خضدار، حاجی محمد نواز نیچاری سوراب، ودیگر ایگزیکٹو ممبران نے شرکت کی۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے چیئرمین ملک نصیر احمد شاہوانی اور جنرل سیکرٹری حاجی عبدالرحمن بازئی نے دھرنے کے انتظامی کمیٹی کو منظم انداز میں معاملات چلانے پر سید عبدالقہار آغا اور ان کی ٹیم کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ زمیندار ایکشن کمیٹی نے 7 دن تک پرامن اور منظم طریقے سے بھرپور انداز میں دھرنا دیا

# وزیراعلیٰ نے فنڈز جاری نہ کیا تو احتجاج میں شدت لائیں گے، جوائنٹ ایکشن کمیٹی

صوبائی اسمبلی کے سامنے مستقل احتجاجی کیمپ لگانے کا فیصلہ کیا جائے گا، شاہ علی بگٹی و دیگر

سالانہ بجٹ میں دس ارب روپے، انڈومنٹ فنڈز پانچ ارب روپے مختص کئے جائیں، خطاب

کوئٹہ (آن لائن) جوائنٹ ایکشن کمیٹی بلوچستان یونیورسٹی و ریسرچ سینٹرز کے زیر اہتمام تنخواہوں اور پنشنز کی عدم ادائیگی پر بلوچستان یونیورسٹی کیمپس گیٹ سریاب روڈ کے مقام پر احتجاجی کیمپ 70 ویں روز کو بھی دھرنا اور احتجاجی مظاہرہ......... بقیہ 46 صفحہ نمبر 7 پر

کیا گیا۔ احتجاجی دھرنا زیر قیادت بلوچستان یونیورسٹی ایمپلائز ایسوسی ایشن کے صدر شاہ علی بگٹی دیا گیا۔ دھرنے سے شاہ علی بگٹی پروفیسر ڈاکٹر کلیم اللہ بڑیچ، فرید خان اچکزئی، نعمت اللہ کاکڑ، پروفیسر سنگت رفیق، سید شاہ بابر، گل جان کاکڑ، راحیل بھنگر اور حافظ عبدالقیوم نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ 70 روز کے پرامن احتجاج کے باوجود جامعہ بلوچستان اور ریسرچ سینٹرز کے لئے گذشتہ چار مہینوں اور جون تک کی تنخواہوں اور پنشنز کیلئے بیل آؤٹ پیکیج فراہم نہیں کیا گیا نتیجے میں اساتذہ کرام، آفیسران اور ملازمین کے صبر کا پیمانہ لبریز ہو چکا ہے۔

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No.

Dated: 18 MAY 2024

Page No.


## لیویز کو پولیس میں ضم کرنیکی کوشش کی مخالفت کرینگے‘ اپوزیشن ارکان

**تمام امور اسمبلی فلور پر لائے جائیں مرضی سے صوبہ چلانا ہے تو ہم اپنا فیصلہ جرگے میں کرینگے**

**اسطرح کی کوئی پالیسی بنتی ہے تو ایوان کو اعتماد میں لیا جائیگا‘ وزیر خزانہ‘ 3 روز میں زمینداروں کا مسئلہ حل کیا‘ جنگ**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) بلوچستان اسمبلی میں اپوزیشن ارکان نے کہا ہے کہ اگر لیویز کو پولیس میں ضم کرنے کی کوشش کی گئی تو ہم اس کی بھرپور مخالفت کریں گے، عوامی نمائندوں کو بائی پاس کرکے فیصلے کرنے کی بجائے تمام امور کو اسمبلی فلور پر لایا جانا چاہئے، اگر اس طرح کی کوئی پالیسی بنتی ہے تو اس پر پہلے ایوان کو اعتماد میں لیا جائے گا، صوبائی وزیر خزانہ کی ایوان کو یقین دہانی۔ جمعہ کو بلوچستان اسمبلی کے اجلاس میں جمعیت علماء اسلام کے رکن اسمبلی زابد ریکی نے پوائنٹ آف آرڈر پر کہا کہ شنید میں آیا ہے کہ حکومت دس سے پندرہ اضلاع میں لیویز کو پولیس میں ضم کرنے جارہی ہے، اربوں روپے امن وامان پر خرچ ہورہے ہیں مگر اے ایریا ہو یا بی ایریا بہتری کہیں بھی نہیں آئی۔ انہوں نے کہا کہ لیویز کو پولیس میں ضم کرنے کے حوالے سے ایوان کو آگاہ کیا جائے۔ نیشنل پارٹی کے رکن اسمبلی رحمت صالح بلوچ نے کہا کہ عوامی نمائندوں کو نظرانداز کرکے بند کمروں میں بیٹھ کر ایک فورس کو ختم کرنا درست نہیں، لیویز بلوچستان کے 80 فیصد رقبے میں فرائض انجام دے رہی ہے، یہ اسمبلی کا اختیار ہے کہ اس پر قانون سازی کرے، اگر لیویز کو پولیس میں ضم کرنے کی کوشش کی گئی تو ہم اس کی بھرپور مخالفت کریں گے۔ قائد حزب اختلاف یونس عزیز زہری نے کہا کہ خضدار اے ایریا ہے وہاں پچھلے ایک ہفتے کے دوران مولانا صدیق مینگل اور مولوی عبدالحکیم سمیت نال میں ایک شخص کو قتل کیا گیا جبکہ ایک ہندو تاجر کو اغوا کیا گیا، چیف سیکرٹری اگر اپنی مرضی سے صوبے کو چلانا چاہتے ہیں تو وہ چلائیں ہمیں اپنا فیصلہ جرگے میں کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ لیویز کو ختم کیا گیا تو صوبے کا خدا حافظ ہے۔ رکن اسمبلی میر اسد بلوچ نے کہا کہ مشرف دور میں لیویز کو پولیس میں ضم کیا گیا جس کے صوبے پر غیر معمولی اثرات مرتب ہوئے۔ سابق وزیراعلیٰ نواب اسلم رئیسانی نے اس ایوان میں ایک قرارداد پاس کرکے صوبے کے بی ایریا کو بحال کیا، چیف سیکرٹری کے ایک نوٹیفکیشن سے بی ایریا ختم نہیں ہوسکتا۔ عدالت موجود ہے وہاں جائیں گے۔ صوبائی وزیر خزانہ میر شعیب نوشیروانی نے کہا کہ یہ مسئلہ امن و امان سے متعلق ہے، صوبائی وزیر داخلہ ایوان میں موجود نہیں اگر اس طرح کی کوئی پالیسی بنتی ہے تو اس پر پہلے ایوان کو اعتماد میں لیا جائے گا۔ اجلاس میں صوبائی وزیر زراعت علی مدد جتک نے کہا کہ 23 سال قبل زمینداروں کے احتجاج پر فائرنگ کرکے انہیں شہید کیا گیا اس کے بعد آنے والی حکومتوں میں کسی نے ان کے مسائل پر توجہ نہیں دی، موجودہ وزیراعلیٰ سرفراز بگٹی نے تین دن کے اندر زمینداروں کا دیرینہ مسئلہ حل کردیا۔ اپوزیشن کو چاہئے کہ وہ حکومت کے مثبت کاموں کو بھی سراہا ہے۔ ڈپٹی اسپیکر غزالہ گولہ نے زمینداروں کا مسئلہ حل کرنے پر وزیراعلیٰ کو مبارکباد پیش کی۔ جمعیت کے اصغر ترین نے کہا کہ زمینداروں کا مسئلہ حل ہونا احسن اقدام ہے، صوبے کے اٹھائیس ہزار زرعی ٹیوب ویلز کو سولر پر منتقل کیا جارہا ہے، آیا وہ گیارہ ہزار ٹیوب ویلز جنہیں غیرقانونی کہا جاتا ہے ان کے حوالے سے حکومت نے کیا پالیسی بنائی ہے۔ اگر پالیسی نہیں بنائی گئی تو اس ضمن میں پالیسی تشکیل دی جانی چاہئے۔ جمعیت کے رکن اسمبلی ظفر آغا نے زمینداروں کا مسئلہ فوری حل کرنے پر وزیراعلیٰ بلوچستان کو خراج تحسین پیش کیا۔

## بچوں کے اغواء کے بڑھتے واقعات تشویشناک ہیں‘ پشتونخوامیپ

**ڈاکوؤں سے قومی شاہراہیں محفوظ نہ تھیں اب کوئٹہ میں وارداتیں ہورہی ہیں‘ بیان**

کوئٹہ (پ ر) پشتونخوامیپ کے صوبائی پریس ریلیز میں بچوں کے اغواء کے واقعات پر سخت تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا گیا ہے کہ حکومت عوام کے سرومال کی تحفظ میں بری طرح ناکام ہوچکی ہے پہلے ڈاکوؤں سے قومی شاہراہیں محفوظ نہ تھیں اب کوئٹہ شہر میں بھی اغواء کے واقعات شروع ہوچکے ہیں وہ پشتون عوام جو سندھ کے مختلف شہروں میں محنت مزدوری کیلئے جاتے ہیں بالخصوص انہیں اغواء برائے تاوان کا نشانہ بنایا جاتا ہے، سندھ اور صوبے کی حکومتیں، انتظامیہ فوری طور پر اغواء کے واقعات کی روک تھام کیلئے اقدامات اٹھائیں دیگر صورتحال میں پارٹی عوام کی تائید سے احتجاج پر مجبور ہوگی جس کی ذمہ داری صوبائی حکومتوں پر عائد ہوگی بیان میں کہا گیا ہے کہ کوئٹہ شہر کو مکمل طور پر جرائم پیشہ مسلح عناصر کے رحم وکرم پر چھوڑ دیا گیا ہے بچوں کو تاوان کے بدلے اغواء کرنے کی وارداتیں بھی شروع ہوچکی ہیں جو تھمنے کا نام نہیں لے رہیں جس کے باعث والدین اور شہریوں میں سخت بے چینی پیدا ہوئی ہیں اور وہ اپنے بچوں کو سکول بھیجنے سے بھی کتراتے ہیں بیان میں کہا گیا ہے کہ شہر میں گداگروں کی اچانک بڑھتی ہوئی تعداد، گھروں میں زبردستی خواتین کا گھسنا اور خیرات کے نام پر اہنی معلومات حاصل کرنا اور پھر انہی علاقوں سے بچوں کے اغواء ہونے کے واقعات کو سنجیدہ لیا جائے اور ان تمام کیخلاف کارروائی کی جائے پولیس ان تمام گداگروں کیخلاف تحقیقات کرے اور ان جرائم کا سدباب کیا جائے۔

## فحاشی پھیلانے والوں کیخلاف کارروائی کی جائے‘ جمعیت

**کوئٹہ شہر کی اسلامی شناخت مسخ ہونے نہیں دینگے‘ مولانا عبدالرحمن**

کوئٹہ (پ ر) جمعیت ضلع کوئٹہ کے یونٹوں کے نمائندہ اجلاس میں شہری مسائل پر گہری تشویش کا اظہار کرتے ہوئے مطالبہ کیا گیا ہے کہ گزشتہ روز کوئٹہ پریس کلب میں ضلعی امیر مولانا عبدالرحمن رفیق کی جامع پریس کانفرنس جس میں تمام مسائل کا احاطہ کیا گیا تھا پر فوری عمل درآمد کرتے ہوئے ضلعی انتظامیہ شہر کے تمام چوکوں اور چوراہوں سے فحاشی پھیلانے والے خواجہ سراؤں کے خلاف کارروائی کی جائے مولانا عبدالرحمن رفیق نے کہا ہے کہ شہر کی اسلامی شناخت مسخ نہیں ہونے دی جائے جمعیت نے اس سے قبل بھی ضلعی انتظامیہ سے متعدد ملاقاتوں میں اس بارے بات کی مگر مطالبے پر عمل نہ ہوسکا شہر میں فحاشی اور عریانی کے اڈے نسل نو کی تباہی کا سبب اور اسلامی معاشرت پر کاری ضرب ہے انہوں نے مطالبہ کرتے ہوئے کہا کہ شہر کے تمام عوامی مقامات اور ہوٹلز میں خواجہ سراؤں کی سرپرستی کرنے والی مافیا کے خلاف کاروائی کی جائے انہوں نے گیس وبجلی کے بھاری بھرکم بلز کے متعلق امید ظاہر کی ہے کہ عدلیہ عوام کے حق میں فیصلہ دے گی۔ اجلاس کی صدارت نائب امیر مفتی عبدالسلام رئیسانی نے کی جبکہ ضلعی جنرل سیکرٹری حاجی بشیر احمد کاکڑ نے ایجنڈوں پر مفصل روشنی ڈالی۔

## غیر معیاری تعلیم تخلیقی ذہن پیدا نہیں کررہی‘ میر کبیر محمد شہی

**حکمران عملی اقدامات کے بجائے بیانات تک محدود ہیں پجار کے وفد سے گفتگو**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) نیشنل پارٹی کے مرکزی سینئر نائب صدر میر کبیر احمد محمد شہی سے بی ایس او (پجار) کے سینئر وائس چیئرمین بابل ملک بلوچ‘ شال زون کے سینئر جوائنٹ سیکرٹری سیف بلوچ اور آغا اسحاق شاہ نے ملاقات کی رہنماؤں نے ملکی و سیاسی صورتحال پر تفصیلی گفت وشنید کی اس موقع پر سید حسین شاہ نیشنل پارٹی کے عطاء الرحمن ملک مقبول احمد محمد شہی و دیگر بھی موجود تھے میر کبیر نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ تعلیم پر حکومت کی عدم توجہ کے باعث تخلیقی ذہن پیدا نہیں ہورہے تعلیمی اداروں میں طلبہ کو اپنی قابلیت اور تخلیق کے اظہار کے مواقع فراہم کرنا ہوں گے بصورت دیگر بچے صرف بھیڑ چال کا حصہ بن کر رہ جائیں گے نیشنل پارٹی نے اپنے اڑھائی دور میں بجٹ کا 24 فیصد تعلیم کیلئے مختص کیا مگر افسوس اس کے بعد آنے والی حکومتوں نے معیاری تعلیم کے فروغ کیلئے عملی طور پر کچھ نہیں صرف بیانات کی حد تک سب کچھ ٹھیک ہے کہہ کر عوام کو مزید دھوکہ نہیں دیا جاسکتا۔

## سرحد، ساحل اور تجارت بند کرنا غیر دانشمندانہ اقدام ہے، مولانا ہاشمی

**بارڈز کو بند کرنے کے باعث بے روزگاری بڑھ گئی، غفلت اور کوتاہی کے باعث زراعت بھی تباہ ہوگئی، بیان**

کوئٹہ (پ ر) امیر جماعت اسلامی بلوچستان مولانا عبدالحق ہاشمی نے کہا ہے کہ بارڈرز، ساحل اور تجارت بند کرنا دانشمندی نہیں چمن، گوادر سمیت ایران افغانستان بارڈرز پر قانونی تجارت میں آسانی وسہولت فراہم کی جائے مہینوں سے بارڈرز کی بندش کی وجہ سے تاجر وعوام احتجاج پر اور پریشان ہیں جبکہ اداروں کی آشیرباد سے سمگلنگ جاری ہے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے نوجوانوں پر روزگار، تاجروں پر کاروبار کے دروازے بند کرنا زیادتی ہے۔ اقرباء پروری سفارش ورشوت کی وجہ سے پڑھے لکھے نوجوانوں کے لیے نوکری روزگار ناپید وشجر ممنوعہ ہے۔ لوڈشیڈنگ، زیر زمین پانی کی لیول نیچے گرنے، ڈیمز نہ بنانے اور زمینداروں کو ریلیف نہ دینے اور حکومتی غفلت وکوتاہی کی وجہ سے زراعت تباہ ہوگئی۔ انہوں نے کہا کہ حکومت چمن اور گوادر سمیت بلوچستان کے دیگر تمام سرحدی پوائنٹس پر تجارت سے بلاوجہ کی سختیاں، غیرضروری ناجائز شرائط ختم کرتے ہوئے کاروبار کی سہولت بحال کرے۔ عوام کو صحت تعلیم کی سہولیات پہنچانا حکمرانوں کی ذمہ داری ہے وعدوں کی بجائے عملی کام کیے جائیں۔

## وڈھ، کارکنوں کو نجی جیل میں ڈالا جارہا ہے، جھالاوان عوامی پینل

**سلطان احمد اور اس کے ساتھی کو بازار سے اغواء کرکے نجی جیل منتقل کردیا، رہنماؤں کی پریس کانفرنس**

خضدار (نامہ نگار) جھالاوان عوامی پینل کے رہنماؤں ڈاکٹر عبدالحق موسیانی، رئیس صادق گزگی اور حافظ علی اکبر محمد زئی نے کہا ہے کہ وڈھ کے قبائلی سردار اور اس کے فرزند پرامن سیاسی کارکنوں کی مبینہ اغواء اور انہیں اپنی نجی جیل میں منتقل کرنے تشدد کا نشانہ بنانے میں ملوث ہیں ان خیالات کا اظہار انہوں نے خضدار پریس کلب میں پریس کانفرنس سے خطاب کے دوران کیا اس موقع پر جھالاوان عوامی پینل کے دیگر رہنماء بھی کثیر تعداد میں موجود تھے۔ عبدالحق موسیانی اور دیگر رہنماؤں کا کہنا تھا کہ گزشتہ روز پرامن سیاسی کارکن وعوامی نمائندہ سلطان احمد اور اس کے ساتھی کو مبینہ طور پر وڈھ سے تعلق رکھنے والے قبائلی سردار اس کے فرزند اور ان کے کارندوں نے وڈھ بازار سے اغواء کرکے نجی جیل منتقل کردیا یہ پہلا واقعہ نہیں اس سے قبل بھی ایسے متعدد واقعات ہوئے ہیں اس گناؤنے عمل میں ضلعی انتظامیہ بھی خاموش سپورٹر کا کردار ادا کررہی ہے۔ ایسے واقعات کا ہونا پرامن علاقے کے پرامن ماحول کو دانستہ خراب کرنے کی کوشش ہے ہم خبردار کرتے ہیں کہ وڈھ میں مخالفین کو اغواء کرنے انہیں زندانوں میں بند کرکے تشدد کا نشانہ بنانے کی عمل کا تدارک کیا جائے اور انتظامیہ کی خاموشی کا بھی نوٹس لیا جائے اور سلطان احمد اور اس کے ساتھی کو قبائلی سردار کے نجی جیل سے رہا کروایا جائے اگر وڈھ میں قبائلی سردار کے ہاتھوں سیاسی مخالفین کو اغواء کرنے انہیں زندانوں میں بند کرکے تشدد کا شکار بنانے کا سلسلہ نہیں روکا گیا تو جھالاوان عوامی پینل ردعمل میں سخت لائحہ عمل مرتب کرے گی اس کے بعد جو نتائج نکلیں گے اس کا ذمہ دار ضلعی انتظامیہ اور متعلقہ سردار ہونگے۔

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No.

Dated: 18 MAY 202?  Page No.


[illegible]

[illegible]

## INTEKHAB QUETTA

### خاران چوری شدہ پک اپ گاڑی برآمد کرلی

خاران (نمائندہ انتخاب) پولیس اور لیویز ٹیم کی بروقت مشترکہ کامیاب کارروائی کرکے چوری شدہ پک اپ گاڑی برآمد کرلی۔ ڈی آئی جی رخشان رینج وزیر خان ناصر ایس پی خاران عبدالعزیز جکھرانی کے احکامات ڈپٹی کمشنر خاران منیر احمد سومرو کی خصوصی تعاون پر زیر نگرانی ڈی ایس پی کلاور خلیل زہری ایس ایچ او محمد علی ملازئی تفتیشی آفیسر لیویز نائب رسالدار ظفر علی بادینی کے پولیس و لیویز ٹیم کے ہمراہ مشترکہ کارروائی کرتے ہوئے [illegible] ایریا سے چوری شدہ پک اپ گاڑی کو برآمد کیا گیا ہے اور چوری میں استعمال ہونے والی گاڑی کو بھی برآمد کیا گیا ہے۔ مزید تفتیش جاری ہے۔

### حب انڈسٹریل ایریا میں نامعلوم افراد کی فائرنگ ایک شخص زخمی

حب (نمائندہ انتخاب) حب انڈسٹریل ایریا میں نامعلوم مسلح افراد کی فائرنگ سے ایک شخص زخمی ہوگیا تشویشناک حالت میں کراچی اسپتال منتقل کردیا گیا اس سلسلے میں بتایا جاتا ہے کہ جمعرات کی شب حب کے صنعتی ایریا میں شیر شاہ موڑ کے قریب نامعلوم مسلح ملزمان کی فائرنگ سے افتخار ولد علی نامی شہری شدید زخمی ہوگیا پولیس کے مطابق زخمی ہونے والے شخص کے سر پر دو گولیاں لگی ہیں جسے نازک حالت میں کراچی اسپتال منتقل کردیا گیا ہے۔

### خضدار، دن دیہاڑے ڈاکوؤں نے ہندو تاجر کو لوٹ لیا

خضدار (پ ر) خضدار شہباز مارکیٹ میں دن دیہاڑے ہندو تاجر کو لوٹ لیا تاجر سے مبلغ تین لاکھ روپے کیش کھاتے کی چابیاں اور موبائل فون لے اڑے تفصیلات مطابق خضدار میں چوری ڈکیتی کی وارداتیں تھمنے کا نام ہی نہیں لے بقیہ نمبر 4 صفحہ 5 پر

رہا ہے شہباز مارکیٹ آزادی چوک پر ایک ہندو تاجر دن دیہاڑے چوروں کے ہتھے چڑھ گیا مبلغ تین لاکھ روپے کیش، کھاتے کی چابیاں اور موبائل فون لے اڑے ہیں انتظامیہ خواب غفلت میں ہے پولیس کی ناکے کے باوجود چوروں کا دیدہ دلیری ہندو تاجر کو لوٹ لیا خضدار ایک مرتبہ پھر بدامنی کی لپیٹ میں ہے حکام بالا نوٹس لیکر عوام کی جان و مال کو تحفظ دیں۔

## شہید لیویز اہلکار کی بیوہ کو امدادی چیک جاری کیا جائے، انجمن اخبار فروشاں

### ڈی سی سوراب نے چیک روک لیا، وزیر اعلیٰ اور وزیر داخلہ نوٹس لیں، سردار اللہ گل

کوئٹہ (این این آئی) انجمن فلاح و بہبود اخبار فروشاں کوئٹہ کے جنرل سیکرٹری سردار اللہ گل نے کہا ہے کہ سوراب سانحہ میں شہید ہونے والے پانچ لیویز اہلکاروں کی بیواہوں کو رقم ادا کی گئی جبکہ یاسر گل شہید کی بیوہ کا چیک ڈی سی نے ملی بھگت کی وجہ سے روک دیا، وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی، وزیر داخلہ ضیاء اللہ لانگو سے مطالبہ کرتے ہیں کہ مذکورہ انتظامی افسر کو معطل کر کے انکوائری کمیٹی مقرر کی جائے انہوں نے کہا کہ۔ 10 مئی 2023 کو سوراب میں 6 لیویز اہلکار شہید ہوئے تھے 30 اپریل 2024 کو 5 اہلکاروں کو حکومت کی جانب سے مالی امداد کے چیک جاری کئے گئے اس سلسلے میں بیوہ کے لواحقین نے انجمن فلاح و بہبود اخبار فروشان کے جنرل سیکرٹری سردار اللہ گل کی سربراہی میں وفد نے ڈی سی سوراب سے ملاقات کی مگر ڈی سی نے انتہائی غیر ذمہ داری کا مظاہرہ کرتے ہوئے کہا کہ چیک میرے پاس ہے میں نہیں دیتا جا کر عدالت سے رجوع کرو حالانکہ عدالت نے بیوہ کے نام سے سکسیشن سرٹیفکیٹ بھی جاری کیا ہے، انہوں نے کہا کہ شہدائے بلوچستان کے چیئرمین میر جمال خان رئیسانی سے اپیل کرتے ہیں کہ وہ سرپرستی کریں اور ان کا مسئلہ حل کریں۔

MASHRIQ QUETTA

## لسبیلہ، ایرانی تیل کی ترسیل و فروخت پر پابندی، ہزاروں گھروں کے چولہے بجھ گئے

### فاقوں نے ڈیرے ڈال دیئے، بیروزگاری میں مزید اضافہ، کاروبار سے منسلک لوگ شدید معاشی و مالی مشکلات کا شکار ہو گئے

### دو ہفتوں سے جھاؤ لک پاس پر ایرانی تیل سے لدی سیکڑوں گاڑیاں کھڑی ہیں ڈرائیورز اور کلینرز کسمپرسی کی حالت میں ہیں

بیلا (یو این اے) لسبیلہ میں ایرانی تیل کی ترسیل اور فروخت پر پابندی ہزاروں افراد کے گھروں کے چولہے بجھ گئے فاقوں نے ڈیرے ڈال دیئے بیروزگاری میں مزید اضافہ ایرانی تیل کی ترسیل اور فروخت کے کاروبار سے منسلک لوگ شدید معاشی و مالی مشکلات کا شکار ہو گئے گزشتہ دو ہفتوں سے جھاؤ لک پاس پر ایرانی تیل سے لدی سیکڑوں گاڑیاں کھڑی ہیں ڈرائیورز اور کلینرز کسمپرسی کی حالت میں ہیں تیل بردار گاڑیوں کو بیلا لسبیلا کی حدود میں داخل ہونے نہیں دیا جا رہا تفصیل کے مطابق ضلع لسبیلا میں ایرانی ڈیزل اور پیٹرول کی ترسیل اور فروخت پر مبینہ خود ساختہ پابندی کے باعث اس کاروبار سے منسلک ہزاروں افراد اور لاکھوں خاندان فاقوں و شدید مالی مشکلات سے دوچار ہو گئے ہیں ایرانی تیل بردار زمباد گاڑیوں کے ڈرائیورز کلینرز اور تیل کا کاروبار کرنے والوں کا کہنا ہے کہ پورے بلوچستان میں ایرانی تیل کی ترسیل اور فروخت ہو رہی ہے صرف لسبیلا میں پابندی عائد ہے

INTEKHAB QUETTA

## کوہلو ہسپتال میں غیر لوکل لیڈی میڈیکل آفیسر بھرتی کرنے کا انکشاف

### کوہلو باسی بڑی مشکلوں سے اپنے شناختی کارڈ اور لوکل وغیرہ بناتے ہیں جبکہ درجہ چہارم کے نوکری بھی لاکھوں میں خریدنا پڑتی ہے

### غیر لوکل بڑی آسانی سے اپنے لوکل بنا کر 17 گریڈ کے نوکریاں لے جاتے ہیں، وزیر اعلیٰ نوٹس لیں، عوامی حلقوں کا مطالبہ

کوہلو (نامہ نگار) تفصیلات کے مطابق بلوچستان ضلع کوہلو کے ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر ہسپتال میں کنٹریکٹ بیس پر ایک غیر لوکل لیڈی میڈیکل آفیسر بھرتی کرائی گئی ہے، جبکہ ذرائع کے مطابق مذکورہ خواتین جنہیں کنٹریکٹ بیس پر ڈی ایچ کیو ہسپتال میں میڈیکل آفیسر بھرتی کی گئی ہے وہ اس سے قبل بھی کنٹریکٹ بیس پر ایز ایل ایم او تعینات رہے مگر انہوں نے ایک بھی حاضر نہیں دی اور قومی خزانے سے اپنی تنخواہ گھر بیٹھ کر لے رہی تھی جس کے باعث کوہلو کے خواتین علاج معالجہ کے لیے مجبوراً پنجاب جاتے ہیں، ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر ہسپتال کوہلو میں غیر لوکل میڈیکل آفیسر کی تعیناتی پر عوامی حلقوں کا کہنا ہے کہ یہاں کے باسی بڑی مشکلوں سے اپنے شناختی کارڈ اور لوکل وغیرہ بناتے ہیں جبکہ درجہ چہارم کے نوکری بھی لاکھوں میں خریدنا پڑتا ہے جبکہ غیر لوکل بڑی آسانی سے اپنے لوکل بنا کر 17 گریڈ کے نوکریاں لے جاتے ہیں، کوہلو کے عوامی حلقوں نے وزیر اعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی، ایم این اے بی ڈویژن میاں خان بگٹی، ڈپٹی کمشنر کوہلو نقیب اللہ کاکڑ سمیت دیگر احکام بالا سے مطالبہ کرتے ہوئے کہا کہ کوہلو اس وقت بڑی تعداد میں جعلی لوکل اور ڈومیسائل بنائے ہوئے ہیں جو مقامی لوگوں کے حق میں ڈاکہ ڈالتے ہیں تمام غیر لوکل افراد کے لوکل اور ڈومیسائل کینسل کر کے جعلی لوکل بنانے والے آفیسران کیخلاف کارروائی عمل میں لائی جائے۔

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No.

Dated: 18 MAY 2024 Page No.


## نوجوانوں کے مسائل اور وزیر اعلیٰ بلوچستان کا دوٹوک عزم

وطن عزیز پاکستان کو جہاں اللہ تعالیٰ نے اور بہت ساری خوبیوں، وسائل اور خزانوں سے مالا مال اور سرفراز فرمایا ہے وہاں پاکستان کا شمار دنیا کے ان ممالک میں ہوتا ہے جن کے پاس نوجوان افرادی قوت کی کوئی کمی نہیں اور یہ بات اظہر من الشمس ہے کہ جن قوموں نے نوجوانوں کی بہتر تعلیم و تربیت کر کے انہیں صحیح راہ پر لگایا کامیابی اور کامرانی نے ان اقوام اور ممالک کے قدم چھونے میں دیر نہیں کی پاکستان کے قیام میں بھی نوجوانوں کا اہم کردار تھا اور قائداعظم محمد علی جناح نے ہمیشہ نوجوانوں کو متحرک اور منظم رہنے کی نہ صرف تاکید کی بلکہ قیام پاکستان کے بعد اولین چند برسوں میں اس بابت خاطر خواہ کام بھی ہوا مگر بدقسمتی سے بعد کے برسوں میں ہم نے رفتہ رفتہ نوجوانوں کو ان کے شایان شان اہمیت اور ترجیح دینے میں وقت کی ضرورتوں سے ہم آہنگ منصوبہ بندی نہیں کی نتیجہ یہ نکلا ہے کہ آج پاکستان کے نوجوان مختلف النوع مسائل میں گھرے ہوئے ہیں بالخصوص ہمارے صوبے بلوچستان کی اگر بات کریں تو بلوچستان میں اس وقت نوجوان بہتر تعلیم و تربیت سے لے کر میرٹ اور اچھی طرز حکمرانی تک اور بہتر منصوبہ بندی کی بنیادی ضرورت سے لے کر کیریئر کونسلنگ اور رہنمائی کے طالب ہیں اور یہ بات بہت زیادہ مستحسن اور قابل ستائش ہے کہ ماضی میں بھلے ہم نے خاطر خواہ توجہ نہ دی ہو مگر آج حکومت اس جانب پوری طرح سنجیدہ ہے اس ضمن میں ہم فقط دو خبریں بطور مثال اٹھاتے ہیں دونوں خبریں جمعہ کے روز اخبارات میں شائع ہوئی ہیں اور ان خبروں سے یہ بات پایہ ثبوت کو پہنچتی ہے کہ وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی قیادت میں یہ موجودہ حکومت نوجوانوں کے مسائل کے حل کے لئے پوری طرح کوشاں ہے پہلی خبر وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی کے اس اظہار خیال پر مشتمل ہے جو انہوں نے پاکستان لٹریچر فیسٹیول کی اختتامی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا ہے دوسری خبر وزیر اعلیٰ سرفراز بگٹی ہی کی زیر صدارت منعقدہ اجلاس کی ہے جس میں یوتھ پالیسی کا جائزہ لیا گیا۔ یوتھ پالیسی سے متعلق جائزہ اجلاس جس میں رکن قومی اسمبلی نوابزادہ جمال خان رئیسانی اور چیف سیکرٹری جناب شکیل قادر خان سمیت دیگر اعلیٰ حکام شریک تھے اس اجلاس میں بلوچستان میں یوتھ فیسلی ٹیشن سنٹرز فعال کرنے کا فیصلہ کرتے ہوئے ابتدائی فنڈز مختص کرنے کی منظوری دے دی گئی ہے اور اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے نوجوانوں کے مسائل کے حل کے لئے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لانے کے عزم کا اعادہ کیا اور کہا کہ نوجوانوں کی درست سمت میں رہنمائی ضروری ہے اس لئے بلوچستان یوتھ پالیسی صوبے کے نوجوانوں کی ضروریات کے مطابق تشکیل دی جائے اور پالیسی میں صنفی مساوات کو ملحوظ خاطر رکھا جائے نوجوانوں کی صلاحیتوں کو بروئے کار لانے کے لئے مواقع کی فراہمی پالیسی کا حصہ ہونی چاہئے انہوں نے یوتھ پالیسی میں تمام اسٹیک ہولڈرز کی مشاورت کو یقینی بنانے کی ضرورت پر زور دیتے ہوئے اس امید کا اظہار کیا کہ بلوچستان یوتھ پالیسی صوبے کے جوانوں کی موثر نمائندگی کیا آئینہ دار ثابت ہوگی وزیر اعلیٰ نے یوتھ پالیسی سے متعلق تجاویز اور خصوصی دلچسپی پر رکن قومی اسمبلی سابق صوبائی وزیر یوتھ افیئرز نوابزادہ جمال خان رئیسانی کی کاوشوں کو سراہتے ہوئے ان کی مشاورت سے جامع سفارشات پر مبنی ڈرافٹ دس روز میں تشکیل دینے کی ہدایت کی۔ ہمیں قوی امید ہے کہ ان کی ہدایت کو عملی طور پر منتقل کرتے ہوئے ڈرافٹ کی تیاری جلد سے جلد کر لی جائے گی اور ساتھ ہی جیسا کہ وزیر اعلیٰ نے کہا ہے اس میں تمام اسٹیک ہولڈرز کی آراء اور مشاورت کو شامل حال رکھا جائے گا۔ اسی طرح پاکستان لٹریچر فیسٹیول کے حوالے سے ہم اس بات کا تذکرہ ضروری سمجھتے ہیں کہ بلوچستان میں ماضی میں اس نوع کے ادبی اور ثقافتی میلے اور تقاریب منعقد ہوتے رہے ہیں مگر بعد کے برسوں میں بالخصوص دو ہزار دو کے بعد سے رفتہ رفتہ نہ صرف بلوچستان بلکہ ملک بھر میں لوگوں کی ترجیحات بدل گئی ادبی ثقافتی اور سماجی صحت مندانہ سرگرمیوں کی جگہ کارپوریٹ اپروچ نے لے لی کتابوں کی دکانیں ختم ہو گئیں جوتوں اور برانڈڈ کپڑوں کی مارکیٹیں دھڑا دھڑ کھلنے لگیں اب ایک زاویے سے دیکھیں تو یہ بھی کاروباری اور معاشی سرگرمی ہی ہے مگر اصل پہلو یہ ہے کہ باقی دنیا میں آج سوشل میڈیا کے انقلاب آفریں لہر کے باوجود کتاب دوستی میں کمی نہیں آئی بہرحال پاکستان لٹریچر فیسٹیول کا یہ کوئٹہ میں اپنی نوعیت کا اچھا تجربہ تھا جس میں مختلف سیشن رکھے گئے تھے ملک بھر سے چوٹی کے ادیب لکھاری و دانشور اس میں شریک ہوئے اور اچھی بات یہ تھی تمام سیشنز میں شرکاء کی غالب اکثریت نوجوانوں کی تھی انہیں ان صحت مندانہ علمی و ادبی سرگرمیوں سے کافی کچھ سیکھنے کو ملا ہوگا اختتامی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے بڑی پر مغز باتیں کہی ہیں انہوں نے بلوچستان کو درپیش مسائل کے حل کے حوالے سے حکومت کی ترجیحات و اہداف پر بھی بات کی ہے اور نوجوانوں کو صحت مندانہ سرگرمیوں کی فراہمی میرٹ کی بالادستی پر بھی بات کی ہے وزیر اعلیٰ نے کہا ہے کہ بلوچستان میں پنجابی اور دیگر زبانوں کے اساتذہ کو باہر نکالنے کے بعد ہمارا زوال شروع ہوا، ہم دنیا کی واحد قوم ہیں جو اپنے استاد کو بھی قتل کر دیتے ہیں تو ہم تعلیمی میدان میں کیسے آگے جا سکتے ہیں آج صحت اور تعلیم لاپتہ ہیں یہ بگاڑ پیدا کرنے کے لئے لاہور سے کوئی نہیں آیا، یہ سارا نظام ہم نے خود تباہ کیا، بلوچستان کے لوگ اس کے ذمہ دار ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ہمارے نوجوان حکومت سے خفا ہیں، ڈائیلاگ کے ذریعے معاشرے میں بدلاؤ لایا جا سکتا ہے، ہماری نوجوان نسل ہماری طاقت ہے ہم اس سے بے انتہا محبت کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ نوجوان ڈگری لے کر دربدر پھرتے رہیں اور نوکریاں بیچیں گے تو نوجوان نسل کیسے موجودہ حالات کا مقابلہ کرے گی، وعدہ کرتا ہوں چاہے کچھ بھی ہو جائے میں نوکری نہیں بکنے دوں گا۔ وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی کا عزم قابل ستائش اور انتہائی مستحسن ہے عین حقیقت بھی یہی ہے کہ ہمارے ہاں آج جو مسائل ہیں یہ سارے مسائل خود ہمارے ہی پیدا کردہ ہیں اور ان مسائل کے حل کے لئے بھی باہر سے کوئی نہیں آنے والا ہم نے ہی ان مسائل کو حل کرنے کی سعی کرنی ہے وفاقی اور صوبائی حکومت تمام وسائل بروئے کار لا کر بلوچستان کی تعمیر و ترقی کے اہداف کے حصول کے لئے کوشاں ہیں ہمیں چاہئے کہ ہم اس سے فائدہ اٹھائیں اپنے نوجوانوں کی بہتر تعلیم و تربیت کے ساتھ ساتھ انہیں دور جدید کے تقاضوں سے ہم آہنگ مواقع کی فراہمی کو یقینی بنائیں تاکہ وہ اپنی صلاحیتوں کا بہتر سے بہتر استعمال کر کے ملک اور صوبے کی تعمیر و ترقی میں اپنا فعال و متحرک اور توانا کردار ادا کر سکیں۔

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: INTEKHAB QUETTA

Bullet No.

Dated: 18 MAY 2024 Page No.


## جبری گمشدگی کی سخت سزا

ہائی کورٹ کے جج جسٹس محسن اختر کیانی نے شاعر احمد فرہاد کی بازیابی کی درخواست پر سماعت کرتے ہوئے ریمارکس دیے کہ میری رائے ہے کہ قانونی سازی کی جائے اور گمشدگیوں میں ملوث افراد کو پھانسی دی جائے۔ پورے پاکستان کو مجھ سمیت پتا ہے مگر آنکھیں بند کی ہوئی ہیں ہم نے، کیا زبردست سسٹم ہے۔ یہ احمد فرہاد وہی ہیں، جن کی ایک نظم بڑی مشہور ہوئی:

یہ اپنی مرضی سے سوچتا ہے اسے اُٹھالو
اٹھانے والوں سے کچھ جدا ہے، اسے اُٹھا لو
وہ بے ادب، اِس سے پہلے جن کو اُٹھا لیا تھا
یہ ان کے بارے میں پوچھتا ہے، اسے اُٹھا لو

دوسری جانب کراچی کے علاقے سعید آباد میں خاتون پولیس اہلکار پر شوہر نے تیزاب پھینک دیا جس میں کمسن بچی بھی لپیٹ میں آکر زخمی ہوگئی۔ زخمی خاتون کا 30 فیصد چہرہ جھلس گیا، جبکہ بچی کو زیادہ نقصان نہیں پہنچا۔ شوہر واردات کے بعد فرار ہوگیا۔

یہ جرائم کا سلسلہ اتنا کیوں بڑھ گیا ہے، کہ اب کسی کو اٹھانے میں کوئی تردد ہی نہیں کیا جاتا، ہر ایک کو ملک دشمن ثابت کرنے کی کوششیں کی جارہی ہیں، جو اپنی مرضی سے سوچتا ہے، اسے اٹھانے کی کوششین کی جارہیں، جو اپنی مرضی سے بولتا ہے، جو سوال کرتا ہے اسے اٹھا لیا جاتا ہے۔ لیکن اس کا ردعمل بھی آرہا ہے، اب عوام کے دلوں سے پولیس کا خوف ختم ہوتا جارہا ہے، آزاد کشمیر سے لے کر کراچی تک پولیس کی آئے روز پٹائی ہورہی ہے اور وہ بھی عوام کے ہاتھوں، اب تو حالت یہ ہے کہ پولیس والوں پر تیزاب بھی پھینکا جانے لگا ہے، اس کی دو وجوہات ہیں ایک یہ کہ موجود ظلم و جبر کے نظام کے باعث عوام کا غم وغصہ بڑھتا جارہا ہے، دوسرا اصل مجرموں کو کھلی چھوٹ ملنے اور سزائیں نہ ہونے کے باعث بھی قانون کا احترام ختم ہوتا جارہا ہے۔ سب جانتے ہیں کہ اگر آپ کے رشتے دار یا دوست احباب مقتدر حلقے سے تعلق رکھتے ہیں تو پھر آپ کوئی بھی جرم کرلیں کوئی سزا نہیں ہے، ہاں اگر آپ معمولی انسان یا عام عوام ہیں تو پھر آپ کو ہر کردہ نہ کردہ گناہوں کی بھی سزا جھیلنی ہوگی۔

ایک معمولی سا شاعر جسے شاید مشکل سے ہزاروں لوگ بھی نہیں جانتے ہوں گے، لیکن اسے اغوا کر کے مشہور کرنے میں کس بے وقوف کا اہم کردار ہے یہ اللہ ہی بہتر جانتا ہے، لیکن ان جبری گمشدگیوں، اغوا برائے تاوان اور اغوا برائے زباں بندی سے آج تک کوئی اچھے نتائج برآمد نہیں ہوئے، پریس کانفرنس اور معافیاں بھی منگوا کر دیکھ لیا۔ اس طرح عوام کے دلوں میں دھاک بٹھانے کا وقت چلا گیا، اب ان حرکتوں سے عوام کے دلوں میں نفرتیں اور غصہ ہی بڑھ رہا ہے، صحافی عمران ریاض اور اوریا مقبول جان کو اٹھایا پھر چند ماہ قید و بند میں رکھنے کے بعد چھوڑ دیا تو کیا انہوں نے کچھ نہیں بتایا، سب کچھ بتایا۔ کس نے کہاں سے اغوا کیا، کہاں کہاں رکھا گیا اور کیا مطالبات کیے گئے۔

اراکین قومی اسمبلی کو اس حوالے سے سوچنا اور اپنا کردار ادا کرنا ہوگا، گمشدگیوں کا سلسلہ بلوچستان سے شروع ہوا تھا اور اب یہ پورے ملک میں پھیل گیا ہے، لیکن افسوس کی بات ہے کہ بلوچستان میں بھی اس کے خلاف کوئی قانون سازی نہیں ہوئی، اراکین اسمبلی اس معاملے پر دباؤ کا شکار کیوں ہیں یہ سمجھ سے بالاتر ہے، اگر اراکین اسمبلی مل کر اس ایک مسئلے کو حل کرنا چاہیں تو جس طرح نیب قوانین اور خود کو بچانے کے لیے دیگر قوانین میں راتوں رات ترامیم کی گئیں اسی طرح ایک گھنٹے میں ان جبری گمشدگیوں کے خلاف قانون سازی کی جاسکتی ہے اور ایسا کرنے پر کڑی سے کڑی سزا تجویز کی جاسکتی ہے۔ پھر ان جبری گمشدگیوں کے خلاف فوری مقدمات درج کر کے کارروائیاں کی جائیں تو یہ چند دنوں میں ختم ہوجائیں گی۔ لیکن افسوس اراکین اسمبلی قوم کو بے وقوف بنانے میں مصروف ہیں، عوام کی فلاح و بہبود کے لیے کبھی کوئی قانون سازی نہیں کی گئی۔

CamScanner

**CLIPPING SERVICE**

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Balochistan Time Quetta

Bullet No.

Dated: 18 MAY 2024 Page No.

# The Crumbling Roads of Quetta

Quetta, the capital city of Balochistan province, is facing a severe infrastructure crisis, with its roads being a prime example of neglect and mismanagement. The dilapidated condition of Quetta's roads has made the lives of its citizens a daily struggle, and it is imperative that the provincial government takes immediate action to address this issue.

The roads of Quetta are riddled with potholes, cracks, and uneven surfaces, making commuting a hazardous and exhausting experience. The lack of proper maintenance and repair has led to a situation where even the shortest of journeys becomes a test of endurance. The citizens of Quetta deserve better, and it is the responsibility of the provincial government to ensure that they have access to safe and reliable transportation infrastructure. The successive governments never focused on paying attention towards the pathetic condition of roads after launching projects of Sariab Road and Sabzal Road which are still incomplete after almost three years. Billions of rupees were spent over Sariab Road and Sabzal road but still motorists have to face difficulties at different parts of Sariab. The condition of Sirki Road is more destructive after authorities concerned leaving it incomplete for the last three years. The consequences of neglecting Quetta's roads are far-reaching and have a significant impact on the city's economy, healthcare, and education. The poor road condition is leading to increased travel times and fuel costs, damaging to vehicles parts, good, increasing risk of accidents, reducing access to health and emergency services and decreasing economic activity within the city. Moreover, the lack of focus on improving Quetta's roads is a clear indication of the provincial government's priorities. The main residential area Satellite town's roads have broken and created immense difficulties for commuters but no one cares. While other cities in Pakistan are witnessing significant investments in infrastructure development, Quetta remains neglected and forgotten. The representatives of Quetta city and other parliamentarians are equally responsible for the poor condition of roads of Quetta city. Therefore, it is urged that the provincial government take immediate action to address the issue of Quetta's roads. Government must allocate sufficient funds for road maintenance and repair, implementing a comprehensive road development plan and collaborating with local stakeholders and experts to identify and address the root causes of the problem. The citizens of Quetta deserve better, and it is time for the provincial government to take responsibility for their welfare. Let us work together to rebuild Quetta's roads and restore the city's prosperity.

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No.

Dated: 18 MAY 2024 Page No.



کوئٹہ: صوبائی وزیر مواصلات و تعمیرات میر سلیم کھوسہ سے مختلف وفود ملاقات کر رہے ہیں



کوئٹہ: اسپیکر عبدالخالق اچکزئی کی زیر صدارت اجلاس میں صوبائی وزراء اور ارکان اسمبلی پیش کی گئی قراردادوں پر اظہار خیال کر رہے ہیں



صوبائی مشیر نسیم الرحمان کو سیکرٹری ماحولیات ہاسپٹل ویسٹ کے حوالے سے بریفنگ دے رہے ہیں

MASHRIQ QUETTA



صوبائی وزیر خزانہ میر شعیب نوشیروانی اسمبلی اجلاس میں قرارداد پیش کر رہے ہیں



صوبائی وزراء نور محمد دمڑ، میر شعیب نوشیروانی، میر ضیاء اللہ لانگو، پارلیمانی سیکرٹری میر اصغر رند، بخت کاکڑ اور اراکین صوبائی اسمبلی ولی محمد نورزئی،
میر غلام دستگیر بادینی اور فرح عظیم شاہ اسمبلی اجلاس میں بات چیت کر رہے ہیں



صوبائی وزیر نور محمد دمڑ، پارلیمانی سیکرٹری میر برکت علی رند، شیخ رزک مندوخیل اور اصغر علی ترین این سی ایچ ڈی اور یکس فیڈ ٹیچرز سے مذاکرات کر رہے ہیں



ڈپٹی اسپیکر بلوچستان اسمبلی غزالہ گولہ اسمبلی اجلاس میں اظہار خیال کر رہی ہیں



کوئٹہ: مشیر وویمن ڈویلپمنٹ ڈیپارٹمنٹ ڈاکٹر ربابہ بلیدی وومن لائرز کانفرنس سے خطاب کر رہی ہیں